30/01/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اختر سے خبریں سُن

لیفٹیننٹ گورنر

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے بھارت درشن دورے سے واپس آنے والے طلباءکے ایک گروپ سے ملاقات کی۔ یہ دورہ انڈو Tibetan بارڈر پولیس کی جانب سے سوِک ایکشن پرو گرام کے تحت منعقد کیا گیا تھا۔

لیفٹیننٹ گورنر نے نوجوانوں میں قومی یکجہتی، اتحاد اور ثقافتی ہم آہنگی کو فروغ دینے کے اس اقدام کو سراہاطلباءنے صدرِ جمہوریہ سے ملاقات کی ۔ انہوں نے حیدرآباد اور نئی دلی کے تعلیمی و ثقافتی مقامات کا دورہ بھی کیا۔

دورے میں سرینگر، کشتواڑ، بارہمولہ اور اننت ناگ سمیت مختلف اضلاع کے 26 طلبہ شامل تھے۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے ضلع رام بن کے برف سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کر کے برف باری سے پیدا شدہ صورتحال اور بحالی کے کاموں کا جائزہ لیا۔انہوں نے بانہال، بٹوٹ، پتنی ٹاپ اور ملحقہ علاقوں میں سڑک رابطہ، برف ہٹانے کی کارروائی اور ضروری خدمات کی بحالی کا معائنہ کیا۔

انہوں نے بجلی، پانی، ایندھن، راشن اور طبی سہولیات کی بلا تعطل فراہمی کو یقینی بنانے اور عوامی مشکلات کے فوری ازالے کے لئے باہمی تال میل سے کام کرنے پر زور دیا۔

جاوید احمد ڈار

زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار نے سول سیکریٹریٹ جموں میں جموں و کشمیر ایگرو انڈسٹریز ڈیولپمنٹ کارپوریشن لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی 70 ویں میٹنگ کی صدارت کی۔

میٹنگ مینکئی اہم منصوبوں کو منظوری دی گئی، جن میں سانبہ میں ایلوویرا پروسیسنگ یونٹ اور بری برہمنہ و خنموہ میں جدید گوداموں کی تعمیر شامل ہے۔

وزیر موصوف نے زرعی بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے، گوداموں اور کولڈ چین سہولیات کے مو

ثر استعمال اور کسانوں کی آمدنی میں اضافے پر زور دیا۔ٔ

جاوید احمد رانا

قبائلی امور کے وزیر جاوید احمد رانا جو راجوری ضلع کے انچارج وزیر بھی ہیں، نے ضلع کے برف باری سے متاثرہ علاقوں میں ضروری خدمات کی بحالی اور سڑکوں سے برف ہٹانے اور صفائی کے کاموں کا جائزہ لیا۔

اس موقعے پر وزیر نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ لوگوں کوبنیادی سہولیات فراہم کرنے کے لئے اقدامات کریں ۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو اضافی افرادی قوت اور مشینری تعینات کر نے کی ہدایت دی تاکہ بحالی کے کام میں سرعت لائی جاسکے ۔میٹنگ میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا۔

Skuast

شیرِ کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر کے انوویشن، انکیوبیشن اینڈ انٹرپرینیورشپ SKIIE سینٹر کو UT حکومتِ کی جانب سے "Incubator of the Year" ایوارڈ سے نوازا گیا ہے۔

یہ ایوارڈ کل جموں میں منعقدہ سالانہ اسٹارٹ اَپ میلہ کے دوران وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے متعلقہ شعبہ کو پیش کیا۔

ایوارڈ میں 50 ہزار روپے کی نقد رقم اور 50 لاکھ روپے کا سیڈ فنڈ دیا گیا، جبکہ یونیورسٹی کے زیرِ سرپرستی 4 اسٹارٹ اپس کو مجموعی طور پر 80 لاکھ روپے کی منظوری بھی دی گئی۔

IICT

انڈین انسٹیچوٹ آف کارپیٹ ٹیکنالوجی سرینگر وادی میں قالین بافی کی صنعت کو جدید کاری سکیم کے تحت 160 امیدواروں کو سکل SAMARTH سے ہمکنار کرانے کی غرض سے اَپگریڈیشن تربیت دے رہا ہے ۔ اس مقصد کے لئے سینٹرل سِلک بورڈ نے 21 لاکھ 16 ہزار

SAMARTH سرینگر کے ڈائریکٹر زُبیر احمد نے کہا کہ IICT روپے کی رقم منظور کی ہے ۔
سکیم کی بدولت وادی میں قالین بافی کی صنعت کو بڑے پیمانے پر دوام حاصل ہو گا ۔

شہیدی دوس

آج شہیدی دوس ہے ۔ 1948 میں اسی دن بابائے قوم مہاتما گاندھی کو شہید کیا گیا تھا ۔مہاتما گاندھی اور دیگر مجاہدین آزادی کو خراج پیش کرنے کے لئے ملک بھر میں تقایب کا اہتمام کیا جا رہا ہے ۔

ڈپٹی کمشنر سرینگر

ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگر کی پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر اِفت حسن شاہ کے ہمراہ جی ایم سی سرینگر اور اس سے منسلک اسپتالوں میں بنیادی ڈھانچے کی اپ گریڈیشن اور ترقیاتی امور کا جائزہ لیا۔

ڈپٹی کمشنر نے مختلف محکموں خصوصاً صحت کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے، مریضوں کی نگہداشت بہتر کرنے اور طبی سہولیات میں اضافہ کرنے پر زور دیا ۔

Winter Jingle

وادی میں موسم سرما کے چلتے درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ساتھ گرمی دینے والے آلات کا استعمال جاری ہے۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کے استعمال کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 1 اعشاریہ 3 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت9 اعشاریہ 3ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ